# خبرنامہ ادارۂ تحقیق وتصنیف اسلامی (۴۴)

☆ صدر ادارہ و امیر جماعت اسلامی ہند مولانا سید جلال الدین عمری نے جون ۲۰۱۲ء کے دوسرے ہفتے (۶ر تا ۱۳ر جون) میں پڑوسی ملک پاکستان کا دورہ کیا۔ اس دورہ میں معاون مدیر تحقیقات اسلامی وسکریٹری تصنیفی اکیڈمی جماعت اسلامی ہند ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی بھی ان کے ساتھ تھے۔ یہ سفر اصلاً جماعت اسلامی کراچی کے ادارۂ نور حق کے زیر اہتمام منعقدہ بین الاقوامی قرآن نمائش (۸ تا ۱۰ر جون ۲۰۱۲ء) کی افتتاحی تقریب میں بہ طور مہمان خصوصی شرکت کے لیے ہوا تھا۔ اس موقع پر نمائش کے منتظمین نے مولانا عمری کے کوائف اور علمی خدمات کے تعارف پر مشتمل ایک قدیم تحریر کو، جسے ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی نے تیار کیا تھا، کتابچہ کی شکل میں شائع کر کے نمائش دیکھنے کے لیے آنے والوں اور دوسرے لوگوں میں بڑے پیمانے پر تقسیم کیا۔ کراچی کے علاوہ مولانا لاہور، حیدرآباد اور اسلام آباد بھی تشریف لے گئے۔ وہاں ان کے اعزاز میں برے استقبالیہ پروگرام منعقد کیے گئے اور انھوں نے تحریکی اور عوامی اجتماعات میں خطابات کیے۔ بین الاقوامی اسلامی یونی ورسٹی اسلام آباد کے صدر ڈاکٹر ممتاز احمد نے ان کے اعزاز میں ایک استقبالیہ تقریب منعقد کی، ان کی خدمت میں یونی ورسٹی کا مومنٹو پیش کیا اور ظہرانہ دیا۔ (اس سفر کی روداد ڈاکٹر ندوی کے قلم سے سہ روزہ دعوت نئی دہلی کے ۲۵ر جون تا ۱۰ر جولائی ۲۰۱۲ء کے شماروں میں شائع ہوئی ہے)۔ پاکستان کے سفر میں مولانا کے خطابات کی تسوید وتدوین کا کام جاری ہے۔ بہت جلد ان شاء اللہ ان کا مجموعہ شائع کیا جائے گا۔

☆ مولانا عمری کے کتابچہ 'فقہی اختلافات کی حقیقت' کے دو ایڈیشن اس سے پہلے شائع ہو چکے تھے۔ مصنف کی نظر ثانی اور اضافہ کے بعد اب اس کا تیسرا ایڈیشن بھی آ گیا ہے۔ صفحات: ۲۴، قیمت -/۱۵۔ اس کے تمل ترجمہ کے بھی دو ایڈیشن نکل چکے ہیں۔

☆ مولانا کا ایک کتابچہ 'دولت میں خدا اور بندوں کا حق' عرصہ سے شائع ہو رہا ہے اور اس کے کئی ایڈیشن آ چکے ہیں۔ حال میں ان کی نظر ثانی کے بعد اس کا نیا ایڈیشن منظر عام پر آیا ہے۔ صفحات: ۲۲، قیمت -/۱۲ روپے۔

☆ خدمت خلق کے موضوع پر مولانا عمری کی مشہور عام تحقیقی کتاب 'اسلام میں خدمت خلق کا تصور' کے علاوہ ان کا ایک کتابچہ 'انسانوں کی خدمت - اسلام کی نظر میں' عرصہ سے شائع

ہو رہا ہے۔اب اس کا ہندی ترجمہ بھی شائع ہوگیا ہے۔صفحات:۲۴، قیمت-/۱۲روپے۔

☆ رکن ادارہ مولانا محمد جرجیس کریمی کی کتاب 'جرائم اور اسلام' کو الحمد للہ علمی حلقوں میں مقبولیت حاصل ہوئی ہے۔اس کے مراٹھی ترجمہ کے بعد اب اس کا ہندی ترجمہ بھی 'بڑھتا اپرادھ-سمسّیا اور ندان' کے نام سے مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز سے شائع ہوگیا ہے۔صفحات: ۱۹۲، قیمت-/۷۰روپے۔

☆ بہی خواہانِ ادارہ کے لیے یہ خبر باعث مسرت ہوگی کہ مولانا ضمیر الحسن فلاحی سابق استاد جامعۃ الفلاح اعظم گڑھ و رکن اسلامی اکیڈمی علی گڑھ نے بہ حیثیت رکن ادارہ جوائن کرلیا ہے۔اسی طرح ادارہ کے دوسالہ تصنیفی تربیت کورس سے فائدہ اٹھانے والوں میں ایک نئے اسکالر مولانا ندیم الحق عمری کا اضافہ ہوا ہے۔

☆ ادارہ کے سلسلۂ توسیعی خطبات کے تحت پروفیسر سید اختشام احمد ندوی سابق ڈین فیکلٹی آف آرٹس، کالی کٹ یونی ورسٹی نے ۹/جون ۲۰۱۲ء کو 'ملیشیا میں حزب اسلامی کا ارتقاء-موانع و مشکلات' کے عنوان سے توسیعی خطبہ پیش کیا۔پروگرام کی صدارت پروفیسر محمد ادریس، صدر شعبۂ کیمیکل انجینیر نگ، مسلم یونی ورسٹی علی گڑھ نے فرمائی۔علی گڑھ کے اہل علم خواتین و حضرات کثیر تعداد میں شریک ہوئے۔

☆ صدر ادارہ مولانا عمری ۲۶/جون ۲۰۱۲ء کو علی گڑھ تشریف لائے۔اس موقع پر آپ کا ایک خطاب عام ہوا۔اس میں انھوں نے فرمایا کہ علم و تحقیق کے میدان میں بالعموم روایتی موضوعات پر کام ہوتا ہے۔ضرورت ہے کہ اسلام کو موجودہ دور کے متبادل کے طور پر پیش کیا جائے۔اس کی طرف اہل علم کی توجہ ہونی چاہیے۔کارکنان ادارہ کے ساتھ بھی مولانا کی نشست ہوئی۔آپ کی آمد کا مقصد ادارہ سے متصل ۳۷۰ گز کے ایک قطعہ آراضی کی خریداری تھی۔الحمد للہ اس کی رجسٹری ہوگئی ہے۔اس کے علاوہ ادارہ کی موجودہ عمارت کی پہلی منزل پر کچھ تعمیری کام جاری ہے۔اس کے نتیجے میں ادارہ مالی اعتبار سے کافی گراں بار ہوگیا ہے۔بہی خواہانِ ادارہ سے درخواست ہے کہ اس کا فیاضانہ مالی تعاون فرمائیں۔اکاؤنٹ کی تفصیل درج ذیل ہے:

**IDARA-E-TAHQEEQ-O-TASNEEF-E-ISLAMI**

A/C No: 1214740843, CENTRAL BANK OF INDIA,

DODHPUR BRANCH, CIVIL LINES, ALIGARH-202001